بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

فتویٰ

برائے مصنوعات وخدمات یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن

Fatwa on the Products & Services of U Microfinance Bank Islamic Banking Division

الحمدللہ! **یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن** شرعی اصولوں اور ضابطوں کے مطابق اسلامی بینکاری کر رہا ہے۔ اس کے تمام معاملات کی نگرانی کے لئے شریعہ ایڈوائزر موجود ہے۔ شریعہ ایڈوائزر اس بینک کی تمام مصنوعات اور خدمات (Products & Services) کا شرعی قواعد وضوابط کی روشنی میں جائزہ لیتا ہے اور اس کی حتمی منظوری کے بعد ہی ان خدمات ومصنوعات کو متعارف کروایا جاتا ہے۔

یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن نے شریعہ ایڈوائزر کی منظوری سے اپنے کھاتے داروں (Depositors/Account Holders) کے لئے بچت کھاتے (Saving Accounts) ٹرم ڈیپازٹ (Term Deposit Receipt) اور جاری کھاتے (Current Accounts) متعارف کروائے ہیں۔ جن میں بچت کھاتے (Saving Accounts) اور ٹرم ڈیپازٹ (Term Deposit Receipt) مضاربت کے شرعی اصولوں پر تشکیل دیئے گئے ہیں۔ ان میں کھاتے دار اور بینک کی حیثیت بالترتیب **رَبُّ المال** (Capital Provider) اور **مُضارِب** (Capital Manager) کی ہوتی ہے۔ اس سے حاصل ہونے والی رقوم کی شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری (Investment) کی ذمہ داری بحیثیت مضارب بینک کی ہوتی ہے۔ حاصل ہونے والا منافع آپس میں طے شدہ شرح سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ خدانخواستہ نقصان کی صورت میں رَبُّ المال اپنے سرمائے کے اعتبار سے مکمل مالی نقصان برداشت کرے گا جبکہ بینک بحیثیت مضارب اپنی خدمات اور وقت کا نقصان برداشت کرے گا۔ جبکہ جاری کھاتے (Current Account) قرض (Debt/Loan) کے شرعی اصولوں پر تشکیل دیئے گے ہیں۔ اس میں کھاتے دار اور بینک کی حیثیت **بالترتیب قرض خواہ** (Creditor) اور **قرض دار** (Debtor) کی ہوتی ہے۔ قرض خواہ (Current Account Holder) کو کسی قسم کا منافع نہیں دیا جاتا اور نہ ہی اس کی رقم کو کسی نقصان کا احتمال ہے۔

یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن تمام کھاتہ جات میں جمع ہونے والی رقوم کو شریعہ ایڈوائزر کی منظوری سے شرعی احکام کے مطابق مختلف قسم کی سرمایہ کاری میں استعمال کرتا ہے۔ جن میں **مرابحہ، اجارہ، سَلَم، اِستصناع، شرکتِ متناقصہ** (Diminishing Musharakah)، **مضاربہ اور وکالہ** وغیرہ شامل ہیں۔ **یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن** ان تمام طریقہ ہائے تمویل (Financings) اور مصنوعات وخدمات (Products & Services) کی تیاری اور فراہمی میں تمام شرعی اصول وضوابط کی مکمل پاسداری یقینی بناتا ہے۔

بحیثیت **شریعہ ایڈوائزر** میں نے **یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن** کی تمام خدمات ومصنوعات (Products & Services)، اس کے متعلقہ کاغذات، عقود (Contracts)، یک طرفہ وعدے (Unilateral Promises)، حساب وکتاب کے تمام ضابطے نیز دیگر امور کا بغور جائزہ لیا ہے اور توثیق کرتا ہوں کہ یہ سب میری نگرانی میں جملہ مراحل سے گزرتے ہیں۔ اس وقت بینک میں سرمایہ کاری (Investments) اور مصنوعات وخدمات (Products & Services) کے تمام طریقہ کار شریعتِ اسلامی کے مطابق ہیں۔ لہٰذا تصدیق کرتا ہوں کہ؛

یو مائیکروفنانس بینک اسلامک بینکنگ ڈویژن کے تمام کھاتہ جات (Accounts)، تمویلی خدمات ومصنوعات (Financing Facilities and Products & Services) اور دیگر سہولیات شریعت اسلامی اور فقہی قوانین کے مطابق ہیں لہٰذا بینک کے ساتھ کسی بھی قسم کے مالی معاملات (Financial Transactions) کرنے میں کوئی شرعی قباحت نہیں نیز اس کے کھاتوں میں رقم رکھوانا، منافع حاصل کرنا، تمویلی طریقہ کار کے مطابق سرمایہ کاری اور دیگر مصنوعات وخدمات کا حصول حلال وجائز ہے۔

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ!

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مفتی سید زاہد سراج
شریعہ ایڈوائزر

تاریخ: ۱۰ ربیع الآخر ۱۴۴۳ھ / 16 نومبر 2021

Scanned with CamScanner